سوال

(109) نماز میں کھڑے ہونے اور ہاتھ باندھنے کا طریقہ

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نماز میں کیسے کھڑا ہونا چاہیے اور ہاتھ کہاں اور کس طرح باندھے جائیں۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز کے لیے قبلہ رو اس طرح کھڑا ہو کہ پاؤں اور کندھوں کا فاصلہ برابر ہو تا کہ اگر دوسرے کے ساتھ ملے تو نیچے اوپر سے سارا مل سکے۔ اور نظر پاؤں کی جگہ رہے تو بہتر ہے۔ اگر پاؤں سے ہٹ جائے تو سجدہ کی جگہ سے آگے نہیں بڑھنی چاہیے۔ اپنے دل کو پورا خدا کی طرف متوجہ کرے۔ اور اللہ اکبر کہہ کر نماز کی نیت باندھے اور انگلیوں کو کشادہ رکھ کر ہتھیلیوں کو قبلہ رخ کرکے کانوں تک یا کندھوں تک دونوں ہاتھ اٹھائے پھر بایاں ہاتھ نیچے اور دایاں اوپر سینہ پر رکھے۔ اور اس کے بعد ثناء یا دعا پڑھے۔

وباللہ التوفیق

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الصلوۃ، نماز کی کیفیت کا بیان، ج2 ص120

محدث فتویٰ